حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال۱۔ مندرجہ ذیل میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ لاسلکی لہروں کی فریکوئنسی کی حد ______ ہے۔
(الف) 20 ہرٹز سے 20 کلو ہرٹز (ب) 30 کلو ہرٹز سے 30 میگا ہرٹز
(ج) 600 میگا ہرٹز اور اس سے زیادہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۲۔ پی سی ایس آئی آر ______ میں قائم کی گئی تھی۔
(الف) 1952ء (ب) 1954ء (ج) 1962ء (د) 1964

۳۔ ______ صدی میں سائنس کے مختلف شعبوں میں بہت زیادہ ترقی کی گئی تھی۔
(الف) سترہویں (ب) اٹھارویں (ج) انیسویں (د) بیسویں

۴۔ دفاعی سائنسی تنظیم ______ فاصلے تک ہے۔
(الف) 1962ء (ب) 1964ء (ج) 1979ء (د) 1954ء

۵۔ زمین کی سطح کے اوپر فضا کا پھیلاؤ ______ فاصلے تک ہے۔
(الف) 250 کلومیٹر (ب) 350 کلومیٹر (ج) 450 کلومیٹر (د) 650 کلومیٹر

۶۔ ______ رکازی ایندھن نہیں ہے۔
(الف) لکڑی (ب) کوئلہ (ج) تیل (د) قدرتی ایندھن گیس

۷۔ توانائی کی تعریف ______ ہے۔
(الف) قوت (ب) کام (ج) ایندھن (د) کسی جسم کے کام کرنے کی صلاحیت

۸۔ جب ہم ایک گیند ہوا میں اچھالتے ہیں تو وہ ایک خاص بلندی تک پہنچ کر نیچے گرنے لگتی ہے اس کا سبب ______ ہے۔
(الف) مخفی توانائی (ب) میکانکی توانائی (ج) کیمیائی توانائی (د) حرکی توانائی

۹۔ ایندھن میں موجود توانائی کو ______ کہتے ہیں۔
(الف) میکانکی توانائی (ب) برقی توانائی (ج) مخفی توانائی (د) حرکی توانائی

۱۰۔ کپیسٹر کی گنجائش کی اکائی ______ کہلاتی ہے۔
(الف) کولمب (ب) وولٹ (ج) اوہم (د) فیراڈ

۱۱۔ گندم، چاول اور جوار ______ مہیا کرتے ہیں۔
(الف) حیاتین (ب) لحمیات (ج) معدنیات (د) کاربوہائیڈریٹس

۱۲۔ پھل اور سبزیاں ______ کے ذرائع ہیں۔
(الف) معدنیات اور وٹامنز (ب) لحمیات (ج) معدنیات (د) کاربوہائیڈریٹس

۱۳۔ ______ وائرس سے پیدا ہوتی ہے۔
(الف) چیچک (ب) تشنج (ج) میعادی بخار (د) ہیضہ

۱۴۔ انفلوئنزا ______ سے ہوتا ہے۔
(الف) ہوا (ب) پینے کے پانی (ج) مچھر (د) ہاتھ ملانے

۱۵۔ ______ گیس گرم خانہ گیس ہے۔
(الف) آکسیجن (ب) کاربن ڈائی آکسائیڈ (ج) نائٹروجن (د) اوزون

۱۶۔ ______ نے روشنی (بصریات) پر ابتدائی نمایاں اور شاندار کام کیا۔
(الف) البیرونی (ب) ابن الہیثم (ج) جابر بن حیان (د) محمد بن زکریا

۱۷۔ ٹیکنالوجی ______ کے سوا کچھ نہیں۔
(الف) انسانی تجربہ (ب) سائنسی علم کی عملی صورت (ج) زندگی کے طریقے (د) علم

۱۸۔ تجربات کے ذریعے علم کی جانچ پڑتال سب سے پہلے
(الف) یونانی فلاسفر (ب) رومی باشندوں (ج) مسلمانوں (د) یورپی باشندوں

۱۹۔ کانسی میں زنک کی ______ فیصد ہے۔
(الف) 60 (ب) 33 (ج) 1 (د) 2

۲۰۔ ______ نامیاتی خوراک نہیں ہے۔
(الف) پروٹین (ب) کاربوہائیڈریٹس (ج) لپڈز (د) معدنیات

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 10 سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے 5 نمبر ہیں۔

سوال۲۔ آپ سائنس کے بارے میں کیا سمجھتے ہیں؟
سوال۳۔ بھرت کیا ہے؟
سوال۴۔ لیوکوسائٹس کیا ہیں اور وہ کس طرح جسم کا دفاع کرتے ہیں؟
سوال۵۔ انسانی خوراک کیلئے پروٹین کا ذریعہ اور جسم کے اندران کا اثرانداز ہونا بیان کریں۔
سوال۶۔ غذا کی تعریف کریں۔
سوال۷۔ اعصابی نظام کیا ہے؟
سوال۸۔ بیکٹیریا کیا ہیں اور وہ کہاں پائے جاتے ہیں تین بیکٹیریائی بیماریوں کے نام بتائیں اور ان کے پیدا کرنے والے ایجنٹ بھی بتائیں۔
سوال۹۔ کیا تمام پھپھوندیاں جراثیم ہیں؟ پھپھوندی سے پیدا ہونے والی دو بیماریوں کے نام بتائیں اور ان کے پھیلنے کے طریقے بیان کریں۔
سوال۱۰۔ ہوا جن گیسوں سے مل کر بنتی ہے ان کی فیصد مقدار لکھیے۔
سوال۱۱۔ پہاڑوں کی چوٹیوں پر برف کیوں جمی رہتی ہے جبکہ ان کے نیچے برف نہیں ہوتی؟
سوال۱۲۔ مخفی توانائی کیا ہے؟
سوال۱۳۔ برقی رو کی اکائی پر نوٹ لکھیے۔
سوال۱۴۔ کمپیوٹر کے بنیادی حصے کیا ہیں؟
سوال۱۵۔ شکر کی صنعت کیا اہمیت ہے؟

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں کسی بھی تین سوالات کے جواب دیں ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔

سوال۱۶۔ سائنس ایک امدادی ذریعہ ہے۔ یا پھر انسانیت کے لئے نقصان دہ ہے، بحث کریں۔
سوال۱۷۔ خامرے کیا ہیں؟ ان کی خصوصیات اور اقسام پر بحث کریں۔
سوال۱۸۔ خلائی تحقیق اور ٹیکنالوجی میں امریکہ اور روس کا کردار کیا رہا ہے۔
سوال۱۹۔ ایم آر آئی اور سی ٹی اسکین کے افعال تفصیل سے بیان کریں۔
سوال۲۰۔ مندرجہ ذیل میں کسی بھی ایک پر نوٹ لکھیں۔ ریڈیو اعصابی دورہ